# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سوامی وویکانند کی ایک سو چونسٹھویں یوم پیدائش کے موقع پر 'رن فار سودیشی' منعقد کیا۔ شیخ الجامعہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سودیشی اور خودانحصاری کی اہمیت پر زور دیا

New Delhi January 12, 2026

سوامی وویکانند کی ایک سو چونسٹھویں یوم پیدائش کے موقع پر ملک بھر میں نیشنل یوتھ ڈے کے اہتمام سے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے گیمز اینڈ اسپورٹس ڈپارٹمنٹ نے طلبہ میں سودیشی اور خودانحصاری کی اہمیت کے سلسلے میں حساسیت بخشی کے لیے آج یونیورسٹی کرکٹ گراؤنڈ نواب منصور علی خان اسپورٹس کامپلیکس میں 'رن فار سودیشی' منعقد کیا۔ عزت مآب شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج صبح اس دوڑ کو جھنڈی دکھائی۔

پروفیسر آصف نے سوامی وویکانند کے اخلاقی اور سماجی فلسفے کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ''سوامی وویکانند کی تعلیمات و ارشادات پوری نوع انسانی کے لیے تحریک کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے ہندوستانیوں میں قومی افتخار کو جاگزیں کیا۔ آج کے 'رن فار سودیشی' کے انعقاد کا مقصد اسٹاف اراکین، طلبہ اور نوجوانوں میں سوامی وویکانند اور آتما نربھر بھارت اور جسمانی چستی پھرتی، نظم و ضبط اور ٹیم ورک کے متعلق حساس بنانا تھا۔ سوامی وویکانند کی تعلیمات سے بیدار قومی اتحاد کی روح اجتماعی ذمہ داری اور کمیونی ٹی مصروفیت کو جاگزیں کرتی ہے اور تمام ہندوستانیوں کے لیے تحریک و تشویق کا موجب ہے۔''

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آتم نربھر بھارت کے مقصد کے حصول میں سودیشی کے تصور کی اہمیت پر زور دیا۔ پروفیسر رضوی نے مزید کہا کہ 'سوامی وویکانند ایک دوراندیش فلسفی، استاد اور جدید ہندوستانی مفکر ہیں جو اپنے وقت کے آگے تھے۔ اگر آج کے نوجوان سمجھیں اور آفاقی اچھائی، اجتماعی کوشش، ذاتی ترقی و نشو ونما اور مضبوط متحدہ ذہن کے آدرشوں کے سلسلے میں ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوں تو زندگی میں یقیناً بڑے بڑے مقاصد حاصل کرسکتے ہیں۔ ایک یوتھ نیشن کے طور پر ہندوستان کی قوت اور طاقت اسی وقت پورے طور پر بروئے کار لائی جاسکتی ہے جب ملک کا نوجوان ان کے بتائے ہوئے قومی آدرشوں کے تئیں عہد بند ہو۔ صداقت، سماجی ہم آہنگی اور انسانیت کی بے لوث خدمت اور یوگ کے سلسلے میں ان کا نظریہ کافی پر قوت ہیں اور اور صدق دل سے ان کی پیروی کی گئی تو نوجوان نئی بلندیوں تک پہنچ سکتے ہیں۔''

پروفیسر نفیس احمد، اعزازی ڈائریکٹر (گیمز اینڈ اسپورٹس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'رن فار سودیشی' کے حوالے سے اجمالی گفتگو کی اور فیکلٹی، اسٹاف اور طلبہ کی پر جوش شرکت کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا 'آپ مصروف ہوں تو ہر چیز آسان ہوتی ہے تاہم جب اگر آپ تساہلی برتتے ہیں تو کچھ بھی آسان نہیں رہ جاتا۔'' اسی اصول کو ذہن میں رکھتے اس 'رن' کا انعقاد کیا گیا ہے کہ نوجوانوں کی خود مختاری، صحت مند طرز زندگی، پائے دار زندگی اور اندرون کیمپس کمیونی ٹی مصروفیت کو فروغ ہو۔

محمد اسد ملک، چیف پراکٹر جامعہ ملیہ اسلامیہ، جناب سید عبدل الرشید، سیکوریٹی مشیر، جامعہ ملیہ اسلامیہ، ڈاکٹر محمد عابد ،اعزازی ڈائریکٹر (گیمس اینڈ اسپورٹس، جامعہ ملیہ اسلامیہ) ڈاکٹر محمد ارشد خان، پرنسپل، جامعہ سیکنڈری اسکول، جناب وقار حسین صدیقی، این ایس ایس کوآرڈی نیٹر جامعہ ملیہ اسلامیہ، مرحوم (ڈاکٹر) انور ہاشمی، اے این او این سی سی (ایس ڈبلیو)۔ این سی سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا تدریسی و غیر تدریسی عملہ، جامعہ کی این سی سی اور این ایس ایس اکائیاں اور جامعہ یونیورسٹی اور اسکول کے طلبہ رن میں شریک ہوئے۔ اور ایک سو پچاس سے زیادہ طلبہ، فیکلٹی اور اسٹاف اراکین نے پر جوش شرکت کی۔ سوامی وویکانند جو بارہ جنوری اٹھارہ سو تیرسٹھ میں اس وقت کے کلکتہ میں بطور نریندر ناتھ دتا پیدا ہوئے ان کی یوم پیدائش کو نیشنل یوتھ ڈے کے طور پر منایا جاتا ہے۔

درج ذیل اسٹاف اراکین اور طلبہ نے رن میں تمغے جیتے ہیں

اسٹاف (مرد) پچاس سال کے اوپر
کے

| نام | شعبہ و دفتر | تمغہ |
| --- | --- | --- |
| ڈاکٹر نفیس احمد | اعزازی ڈائریکٹر، گیمز اینڈ اسپورٹس | سونا |
| محمد حفیظ | اے جے کے۔ ایم سی آر سی | چاندی |
| پردیپ کمار | اے جے کے۔ ایم سی آر سی | کانسہ |

اسٹاف (مرد) پچاس سال سے کم

| نام | شعبہ و دفتر | تمغہ |
| --- | --- | --- |
| محمد فرید | پروکٹر آفس | سونا |
| محمد وسیم | یونیورسٹی پولیٹکنک | چاندی |
| محمد انصار علوی | شعبہ کیمیا | کانسہ |

### اسٹاف (خواتین)

| نام | شعبہ و دفتر | تمغہ |
| --- | --- | --- |
| ڈاکٹر انورا ہاشمی | ڈپارٹمنٹ آف ایڈلٹ ایجوکیشن | سونا |
| پروفیسر شبینہ سجد یوا | فیکلٹی آف ڈینٹسٹری | چاندی |
| پروفیسر ارم پرویز | فیکلٹی آف ڈینٹسٹری | کانسہ |
| پروفیسر رضوانہ ملک | فیکلٹی آف ڈینٹسٹری | کانسہ |

### طلبہ (لڑکے)

| نام | کورس جماعت | میڈل |
| --- | --- | --- |
| محمد جنید عالم | بی۔اے (آنرس) سنسکرت | سونا |
| محمد حسان ملک | گیارہویں جمات (کامرس) | چاندی |
| میانک یادو | بی۔اے (آنرس) ہندی سال سوم | کانسہ |

### طلبہ (لڑکیاں)

| نام | کورس جماعت | میڈل |
| --- | --- | --- |
| مہر بیگم | بی۔اے (جنرل) ڈسٹینس موڈ | سونا |
| سید منتشا | بی۔اے۔ (آنرس) ہندی سال سوم | چاندی |
| فضا | بی۔اے (جنرل) ڈسٹینس موڈ | کاسنہ |

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ